5390 ـ اسلامی مواد اور ذکر پر مشتمل اورق سے خلاصی حاصل کرنا

سوال

بعض اوقات ہمارے پاس اسلامی کاغذات اور اوراق ہوتے ہیں جنہیں ہم تلف کرنا چاہتے ہیں، ان میں بعض اوراق پر انگلش میں آیات قرآنی کا ترجمہ لکھا ہوتا ہے، اور بعض پر لفظ جلالہ انگلش میں لکھا ہوتا ہے، آپ سے گزارش ہے کہ اس سے خلاصی حاصل کرنے کا طریقہ بتائیں.

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ ان اوراق اور کاغذات کو بطور ہدیہ کسی اور شخص کو دیکر اس سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں تا کہ وہ اس سے فائدہ حاصل کرے، یا پھر آپ ان اوراق کو اسلامی اوراق کے لیے مخصوص کردہ لائبریری یا ڈبوں میں رکھ دیں.

اور اگر ایسا کرنا مشکل ہو یا پھر اوراق اس کام کے لیے نفع مند نہ ہوں تو انہیں جلا کر یا انہیں کاٹ کر جس سے آیات قرآنی اور لفظ جلالہ چھپ جائے اور پڑھا نہ جائے، یا انہیں زمین میں دفن کر کے تلف کیا جا سکتا ہے، اور اگر کوئی کلمہ باقی رہ جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں.

اور اس وقت مارکیٹ میں کاغذ کو ٹکڑے کرنے کے آلات ملتے ہیں جو کاغذ کو طول و عرض سے کاٹ کر بالکل چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر دیتے ہیں، اور صرف اسی مقصد کے استعمال کیا جاتا ہے، تو اسے استعمال کیا جا سکتا ہے.

اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو ہر قسم کی خیر و بھلائی کے کام کرنے کی توفیق نصیب کرے.

واللہ اعلم .